# ADMISSION Spring 2022

AIOU



## MA

1. MA Islamic Studies
2. MA Arabic
3. MA Urdu

Allama Iqbal Open University, Islamabad
**Directorate of International Collaboration & Exchange**
www.aiou.edu.pk

# پراسپیکٹس (سمسٹر بہار،2022ء)

## For International/Overseas Students

1- ایم۔اے علوم اسلامیہ

2- ایم۔اے عربی

3- ایم اے اردو

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

# فہرست


☆ یونیورسٹی کا مختصر تعارف ........ 1

☆ کلیۂ عربی وعلوم اسلامیہ ........ 2

کلیۂ عربی وعلوم اسلامیہ کے شعبہ جات ........ 2

کلیۂ عربی وعلوم اسلامیہ کے اہم پروگرام ........ 4

کلیۂ عربی وعلوم اسلامیہ کی تحقیقی سرگرمیاں ........ 4

کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ کے اساتذہ کرام ........ 5

**-1 پروگرام ایم ۔اے عربی ........ 6**

-1.1 پروگرام کا تعارف، تفصیل اور شرائط داخلہ ........ 6

-1.2 ایم ۔اے عربی کی مطالعاتی سکیم ........ 6

-1.3 سمسٹر کے لحاظ سے ایم ۔اے عربی کے کورسز کی تقسیم ........ 6

**-2 پروگرام ایم ۔اے علوم اسلامیہ ........ 8**

-2.1 پروگرام کا تعارف، تفصیل اور شرائط داخلہ ........ 8

-2.2 ایم ۔اے علوم اسلامیہ کی مطالعاتی سکیم ........ 8

**-3 ایم اے علوم اسلامیہ اور ایم اے عربی کے کورسز کے لوازمات ........ 11**

-3.1 مطالعاتی رہنما ........ 11

(i) مطالعاتی رہنما یا نصابی کتاب کے یونٹ ........ 11

(ii) خود آزمائی ........ 11

(iii) اساتذہ سے رہنمائی ........ 11

-3.2 امتحانی مشقیں ........ 12

-3.3 عملی ورکشاپ ........ 12

-3.4 آخری امتحان ........ 12

-3.5 مقالہ (تحقیقی مقالہ کے قواعد) ........ 12

-3.6 شرح فیس ........ 13

**-4 شعبہ اردو ........ 14**

پروگرام کا تعارف، مقاصد اور شرائط داخلہ ........ 14

شرح فیس ........ 15

فیکلٹی ممبران ........ 16

## Vice-Chancellor's Message

**Dear Student,**

السلام علیکم



Allama Iqbal Open University (AIOU) is one of the mega universities of the world and it occupies a unique position in the education sector of Pakistan. Because of its affordability and high-quality distance and online academic programs. AIOU has now turned into the most favorite university of the country with high international repute. The university made a landmark progress by ensuring access to quality education rural areas under-privileged students for the people of all ages particularly the females can now select and join the programs of their choice while sitting at their residence and along with continuing their jobs. More than 1.3 million students are getting benefits from the high-quality educational services of AIOU in all regions of the country through more than fifty regional offices of the university. AIOU offers many undergraduate and Post Graduate programs at rural and remote areas providing an unparalleled opportunity to all the poor and deprived sections of the society at an affordable cost. After assessing the success of many degree programs in Pakistan, AIOU is successfully offering multiple degree programs for International/overseas students. AIOU values the presence of International/Overseas students and recognizes the important role they play in the life of AIOU. In recent years we have established cross institutional cooperation's with many countries across the globe. The university has recently digitalized all its student-support services for facilitating its students on priority basis. This digitization of the system, it is hoped, will enable AIOU students to get all kinds of educational support online by using their Learning Management system (LMS) portal.

Committed for your bright future!

**Prof. Dr. Zia-Ul-Qayyum**
**Vice Chancellor, AIOU**

# داخلہ کے خواہش مند طلباء و طالبات کے لیے اہم ہدایات

1 یونیورسٹی کے داخلے سال میں دو مرتبہ ہوتے ہیں:
سمسٹر بہار کے داخلے ماہ مارچ کے دوران ہوتے ہیں اور سمسٹر خزاں کے داخلے ماہ ستمبر کے دوران ہوتے ہیں۔

2 اگر آپ سمسٹر بہار (مارچ) میں پہلا داخلہ لے رہے ہیں تو دوسرے سمسٹر خزاں کی داخلہ فیس (ستمبر) میں جمع کروانا ہوگی۔

3 اگر آپ سمسٹر خزاں (ستمبر) میں پہلا داخلہ لے رہے ہیں تو دوسرے سمسٹر بہار کی داخلہ فیس (مارچ) میں جمع کروانا ہوگی۔

4 کسی بھی سمسٹر میں داخل طالب علم کو جاری طلبہ **(Continuing Student)** کہا جاتا ہے۔ ان جاری طلبہ **(Continuing Student)** کو اگلے سمسٹر کے لیے آن لائن داخلہ فارم بمع آن لائن فیس جمع کروانی ہوتی ہے۔

5 تمام International/Overseas طلباء اپنا داخلہ فارم آن لائن جمع کروائیں۔ داخلہ فارم جمع کروانے کے بعد تمام طلباء کو اپنی پہلے سمسٹر کی فیس بھی آن لائن جمع کروانی ہوگی۔

6 آن لائن داخلہ فارم پُر کرنے کا طریقہ اگلے صفحات پر موجود ہے۔

## SEMESTER SCHEDULE

| S.No. | Activity | Spring Semester | Autumn Semester |
|---|---|---|---|
| 1. | Admissions | March-April | September-October |
| 2. | Mailing of Books | April-June | October- December |
| 3. | Study Period | June-October | December - April |
| 4. | Workshops | Octobar | April |
| 5. | Examinations | October-November | April - May |
| 6. | Results | January | July |
| **Note:** | Scheduled dates for tutorials and workshop are given in Tutorial Schedule send with books. | | |

**طلباء کو مطلع کیا جاتا ہے کہ سمسٹر بہار 2020ء سے تمام پوسٹ گریجویٹ پروگرامز کے طلباء اپنی امتحانی مشقیں (ٹائپ شدہ) آگہی ایل ایم ایس پورٹل (AAGHI LMS PORTAL) پر اَپ لوڈ (Upload) کریں گے۔**

**نظر ثانی شدہ پالیسی: یونیورسٹی کی نئی پالیسی کے مطابق Reappear اور Again-Reappear کو ختم کر دیا گیا ہے۔ اگر کوئی طالبعلم کسی بھی کورس میں Reappear ہو جائے تو متعلقہ کورس میں دوبارہ داخلہ لینا ہوگا۔**

# COMPLETE PROCEDURE TO
# ENROLL IN AIOU PROGRAMME AND SUBMISSION OF FORM IN AIOU ISLAMABAD

## International & Overseas Students Shall Submit Their Admission Using Online System.

**ADMISSION PROCEDURE**


**Fresh International/Overseas Students**

1. Online Admission form is available at https://aiou.edu.pk
2. Click on Online Admission Form
3. Create your profile by using your email ID
4. Complete Admission Form
5. Select your required program
6. Upload required documents
7. Submit your application
8. Click on fee payment link
9. Download fee payment challan and note down your challan number
10. Go to olpay.aiou.edu.pk
11. Enter challan number and click on "search" button
12. Check & tally your challan details with the generated challan then click on "submit fee" button
13. Enter credit/debit card number, card holder name, expiry and CVV code (mentioned on back side of card).
14. Click on "pay now" button
15. A successful payment notification will be appeared with an Order ID
16. Write Order ID and Transaction Date on the space given below.
17. Save the Order ID in your record till confirmation of your admission


# STEP BY STEP GUIDE TO FILL UP ONLINE APPLICATION FORMS

Here we will share/guide you how to fill up the online admission form for Post Graduate Diploma(s):

- First open our website in any Browser WWW.AIOU.EDU.PK you will be at this page/window.




- Click **<u>Online Admission Forms</u>** under the ADMISSIONS Tab.





- On next window you will find following **Four Options.**


1. **Admissions for Fresh Students**
2. Enrolment for Continuing Students (will start from 16 August 2021)
3. Download Prospectus (For National Students)
4. **Download Prospectus (For International and Overseas Students)**

**Please click option 4 if you want to read or download the prospectus otherwise click on option 1 to fill-up online admission form Click on Admission for Fresh Applicants.**

On clicking **Admission for Fresh Applicants,** you can view the window as shown in picture. Here you will have to create your account with your email (Phone number option is not available for international and overseas students).


- Please click on **Create Account.**
-



On creating account with email, you will receive a **CODE through your email**. Write down that code at this page and proceed further.


- On successful creation of your account with AIOU you will have to sign in with your **email and password** as per shown example:





After Clicking the Login Button you will sign in to your University Account.

- Click on **Apply for New Program. You will see two options Face to face Programs and Open Distance Learning Programs.**


- **Click Open Distance Learning Program.**





All International and Overseas Students filling the Program of Study Portion shall **select INTERNATIONAL** in their **Program Type** as shown in the picture:




On Next Window you will find an option to choose your degree program in which you want to get admission.





Students wishful to apply for **B. ED (1.5-Year)** Program shall **select Option-4 ODL-BED1.5** as shown in the above picture.
While all those students who are applying for other **2.5Years and 4-Years B.E.D** programs shall select **Option-5 ODL-BA/BS/AD/BED4** as shown in the picture below:




- After selecting your desired degree program; you will be at the new window there you will have to fill up the required information.
- For Post Graduate Diploma's fill-up, the information on this page, i. e. your last degree information. **Under Degree Type click Degree** and **under Degree Level click 12 years of education.** Under **DEGREE** **click relevant option**. Then your **Preference/Major** **click relevant option** and then **under Board/university select your university from which you passed your last degree.**
- After this you will have to provide **INFORMATION about your MARKS**. Under **Starting Year** and **Passing Year** select the year you started and passed your degree.
- Under **Roll Number** type your roll number or registration no of that degree.
- In **Exam type** **Annual or Semester** and **Grading.**
- Then fill up **Total Marks** and **Obtained Marks.** Then **Division** will be auto filled by the system.




- Click one by one on the given options **Program of Study**, **Personal information**, **Academic Record**, **Professional Experience**, **Course Information**, **Photographs & Documents** and fill up accurately all the requisite information under these headings.
- Applicants of BS(4-Years), Associate degree Programs, B.E.D Programs, Online Certificates and Post Graduate Diplomas will pay their fee online after filling up their online admission form.




- In Professional Experience students who don't have any work experience shall **click as shown in the picture** and **click on the save & continue Section**:



- Please upload all required documents in the requisite format in the Photograph & Documents Section:



- At the last step **ACCEPT ALL UNDERTAKINGS** by clicking on the empty boxes placed on left side of the window and click on the Submit Application Button:



# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کا مختصر تعارف

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایک میگا یونیورسٹی ہے، جو 1974ء میں پارلیمنٹ کے ایکٹ کے تحت قائم ہوئی۔اس یونیورسٹی کا مرکزی کیمپس اسلام آباد کے سیکٹر H-8 میں واقع ہے۔اپنے قیام کے وقت یہ دنیا کی دوسری اوپن یونیورسٹی اور ایشیا اور افریقہ میں اپنی نوعیت کی پہلی یونیورسٹی تھی۔علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے قیام کا بنیادی مقصد فاصلاتی نظام تعلیم کے ذریعے ان لوگوں کو جو بوجوہ رسمی تعلیم سے استفادہ نہیں کر سکے یا جن کا سلسلہ تعلیم منقطع ہوگیا ہے، ان کے گھروں کی دہلیز پر تعلیمی سہولیات مہیا کرنا ہے۔اوپن یونیورسٹی سمسٹر سسٹم کے مطابق کام کر رہی ہے۔انڈر گریجویٹ طلبہ کے لیے دونوں سمسٹر میں داخلے ہوتے ہیں جبکہ پوسٹ گریجویٹ سطح پر داخلہ سال میں ایک بار ہوتا ہے۔طلبہ کو یونیورسٹی کی اپنی تیار کردہ کتابیں بھجوائی جاتی ہیں جبکہ پوسٹ گریجویٹ کی سطح کے کورسز کے لیے غیر ملکی کتابوں کی دوبارہ چھپائی، تقویتی مواد اور یونیورسٹی کی تیار کردہ سٹڈی گائیڈز طلبہ کی مہارت میں مزید اضافہ کرتے ہیں۔

اس وقت علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میٹرک سے پی ایچ۔ڈی کی سطح تک کے پروگرام پیش کر رہی ہے، جو چار کلیات پر مشتمل ہے۔یونیورسٹی نے ملک بھر میں مطالعاتی مراکز قائم کیے ہیں جہاں فاصلاتی نظام تعلیم کے طلبہ اپنے مقرر کردہ ٹیوٹرز سے ضروری رہنمائی حاصل کرتے ہیں۔علاوہ ازیں یونیورسٹی نے کل وقتی مطالعاتی مراکز بھی قائم کیے ہیں جہاں پر ایم بی اے (آئی ٹی)، بینکنگ اور فنانس، بی ایس (سی ایس)، بی ایس (کیمسٹری)، بی ایس (مائیکروبیالوجی) اور کئی پوسٹ گریجویٹ پروگراموں میں طلبہ کو بالمشافہ رہنمائی مہیا کی جاتی ہے۔علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی چار سالہ انڈر گریجویٹ ڈگری پروگرام بھی پیش کر رہی ہے۔

علاوہ ازیں علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اور اس کے جملہ علاقائی دفاتر تعلیمی سال کے دوران میں نصابی اور تعلیمی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ ہم نصابی سرگرمیوں میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں اور مختلف نوعیت کی علمی، ادبی اور قومی تقریبات کے انعقاد کا اہتمام کرتے ہیں جن میں ہمارے طلبہ و اساتذہ کے ساتھ ساتھ علاقے کے معزز و سرکردہ اراکین اور صاحبان علم و دانش شرکت کرتے ہیں۔سائنس کے طلبہ کے لیے "یونیورسٹی سائنس کمپلیکس" کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔جس میں سائنس کے تمام شعبہ جات کے ریسرچ اسکالرز کے لیے بین الاقوامی معیار کی حامل جدید سائنسی تجربہ گاہوں کی سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔موجودہ دور کے تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے یونیورسٹی مرکزی لائبریری اور سٹوڈنٹس ہاسٹل میں انٹرنیٹ لیب کی سہولت بھی فراہم کی گئی ہے جہاں اس مقصد کے حصول کے لیے کمپیوٹرز مہیا کر دیئے گئے ہیں تاکہ یونیورسٹی کے اساتذہ و طلبہ اپنی علمی و تحقیقی کاوشوں کو جدید عصری تقاضوں سے ہم آہنگ کر سکیں۔

# کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ

## تعارف

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے قیام کے ساتھ ہی ادارہ عربی وعلوم اسلامیہ قائم کیا گیا۔ اس ادارے میں عربی زبان وادب اور علوم اسلامیہ کا شعبہ موجود تھا۔ ادارے کی طرف سے ابتدائی سطح پر اللسان العربی' اے ٹی ٹی سی (تدریب المعلمین) اور میٹرک' الف اے اور بی اے کی سطح پر اسلامیات' فقہ اور سیرت طیبہ ﷺ کے کورسز پیش کئے گئے۔

1998ء میں علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی ایکٹ 1974ء کی رو سے منظور شدہ کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ کو معرض وجود میں لایا گیا اور ادارہ علوم اسلامیہ کو کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ کے نام سے ایک مستقل کلیہ (Faculty) کا درجہ دے دیا گیا۔

اس کلیہ کے قیام کا مقصد اسلامی علوم کی ترویج اور پاکستان میں نئی نسل کو اسلامی علوم سے اسی طرح روشناس کرانا ہے کہ وہ معاشرے کو اسلام کے سانچے میں ڈھالنے کے لئے مؤثر کردار ادا کر سکیں اور اس کے ساتھ اہل مغرب کی جانب سے اسلام پر جو اعتراضات کئے جاتے ہیں ان کا جواب ان ہی کی زبان اور ان ہی کے انداز میں اخلاقیات کے اصولوں کو مدنظر رکھ کر دے سکیں۔ ان مقاصد کے حصول کے لئے 1987ء میں علوم اسلامیہ میں ایم فل کی ابتداء کی گئی جو مزید ترقی پا کر پی ایچ ڈی علوم اسلامیہ کے پروگرام کے اجراء تک جا پہنچا۔ 1999ء میں ایم اے عربی وعلوم اسلامیہ کے پروگراموں کا باقاعدہ اجراء کر دیا گیا اور ایم اے علوم اسلامیہ کو چار تخصصات (Specialization) میں تقسیم کیا گیا۔

# کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ کے شعبہ جات

کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ میں درج ذیل شعبہ جات قائم کئے گئے

## 1- شعبہ عربی زبان وادب

عربی زبان وادب کا علوم اسلامیہ سے انتہائی گہرا اور بنیادی تعلق ہے عربی زبان پڑھے بغیر دین اسلام کو سمجھنا اور ہر طرح کے علوم اسلامیہ پر دسترس حاصل کرنا بہت مشکل کام ہے شعبہ عربی نے ابتدائی عربی سے لے کر ایم فل (عربی زبان وادب) تک کے کورسز پیش کیے ہیں اس کا نصاب نہ صرف جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ ہے بلکہ پاکستان کی دیگر جامعات کے نصاب کو مدنظر رکھ کر روزمرہ کی عربی زبان میں بہترین انداز میں مرتب کیا گیا ہے۔ جو وقت کے تقاضوں کے عین مطابق بھی ہے۔

شعبہ عربی کے مقبول عام پروگراموں میں لغۃ القرآن، عربی بول چال، اللسان العربی، میٹرک، انٹرمیڈیٹ، بی اے عربی کے علاوہ ٹیچرز ٹریننگ کے لیے تدریب المعلمین کا ملک گیر اور مقبول ترین تربیتی پروگرام جاری وساری ہے۔ ایم اے عربی کا نصاب پورے پاکستان کی جامعات میں سراہا گیا ہے۔ ایم فل عربی میں بھی جدید علوم وآداب پر بحث وتحقیق کامیابی سے جاری وساری ہے۔ شعبہ عربی زبان وادب علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کا سب سے پہلا شعبہ ہے جس نے العربی سھل کے نام سے ٹیلی ویژن پروگراموں کا آغاز 1974ء سے ہی کر دیا تھا اور اب BS عربی چار سالہ پروگرام بھی پیش ہو رہا ہے۔ مجلۃ البحث العربی کے نام سے ایک تحقیقی مجلہ بھی منظر عام پر آچکا ہے، جبکہ آن لائن عربی کورسز بھی AIOU کی ویب سائٹ پر موجود ہیں۔ ان شاء اللہ عنقریب Ph.D عربی کا آغاز ہونے جا رہا ہے۔

## 2- شعبہ قرآن وتفسیر

قرآن مجید اور علوم القرآن سے متعلق کورسز کی تیاری شعبہ قرآن وتفسیر کے ذمہ ہے۔شعبہ الحمدللہ ایم۔اے ایم۔فل اور پی۔ایچ۔ڈی علوم اسلامیہ تخصص قرآن وتفسیر کے جملہ کورسز کی کتب/ الائیڈ میٹریل تیار کر چکا ہے۔ایم۔اے علوم اسلامیہ تخصص قرآن وتفسیر کی کتب شعبہ نے تیار کی ہیں اس شعبہ کی جن کتب کو پروفیسر ڈاکٹر عبدالحمید خان عباسی نے تالیف کیا انہیں 2008ء میں قومی سطح پر بہترین درسی کتب قرار دیا گیا اور مولف کو صدارتی ایوارڈ "اعزاز فضیلت" سے بھی نوازا گیا۔شعبہ ہذا خزاں 2013ء سے ایم فل اور پی ایچ ڈی علوم اسلامیہ کے پروگرام تخصص (Specialization) قرآن وتفسیر کے ساتھ پیش کر رہا ہے۔نیز بی ایس علوم اسلامیہ تخصص قرآن وتفسیر کا پروگرام خزاں 2019 سے کامیابی کے ساتھ شروع کر دیا گیا ہے۔

## 3- شعبہ حدیث وعلوم حدیث

اس شعبے کے ذمہ حدیث اور سیرت طیبہ ﷺ کے میٹرک سے لے کر پی ایچ۔ڈی سطح تک کے تمام کورسز کی تیاری ہے۔شعبہ ہذا نے اس ضمن میں تمام کورسز کو از سر نو مرتب کیا ہے اور کئی اہم کتابیں تیار کی ہیں۔ایم اے علوم اسلامیہ کے پروگرام میں حدیث اور سیرت طیبہ ﷺ کے تمام کورسز کی تیاری بھی شعبہ حدیث وعلوم حدیث نے کی ہے۔میٹرک سے لے کر بی اے کے تک درس نظامی کے کورسز کو بھی شعبہ ہذا پیش کرتا ہے۔بی ایس میں حدیث سے متعلق کورسز شعبہ ہذا تیار کرتا ہے اور پیش کرتا ہے۔یونیورسٹی کے بی ایڈ اڑھائی سالہ اور چار سالہ پروگرامز کے لئے اسلامیات کی کتب بھی شعبہ حدیث وعلوم حدیث نے تیار کی ہیں۔

## 4- شعبہ فکر اسلامی تاریخ وثقافت

افکار اسلامی اور تاریخ و ثقافت سے متعلقہ کورسز کی تیاری شعبہ ہذا کے ذمہ ہے۔شعبہ فکر اسلامی تاریخ وثقافت میٹرک تا ایم اے اور بی ایس علوم اسلامیہ، ایم فل علوم اسلامیہ اور پی ایچ ڈی علوم اسلامیہ میں فکر اسلامی اور تاریخ وثقافت کے تخصص پر مشتمل کورسز تیار کر چکا ہے۔میٹرک، ایف اے، بی ایس، بی اے اور ایم اے کی سطح پر اسلامیات لازمی کا کورس یہی شعبہ تیار کرتا ہے اور پیش بھی کرتا ہے،شعبہ ہذا نے ایم اے، بی ایس، ایم فل اور پی ایچ ڈی علوم اسلامیہ میں تخصص فکر اسلامی کے لئے اہم کتابیں بھی تیار کی ہیں۔ایم فل علوم اسلامیہ کی عمومی کوآرڈینیشن بھی اس شعبہ کے ذمے ہے، ایم فل، پی ایچ ڈی کی سطح پر ریسرچ بھی اس شعبہ میں ہوتی ہے۔

## 5- شعبہ شریعہ

اسلامی قانون وفقہ سے متعلقہ کورسز اور پروگراموں کی تیاری شعبہ ہذا کے ذمہ ہے۔اس شعبے نے ایم۔اے، ایم فل، ایم ایس شریعہ اور پی ایچ ڈی علوم اسلامیہ میں اسلامی قانون وفقہ کے تخصص (Specialization) کے کورسز تیار کئے ہیں۔ایم۔اے علوم اسلامیہ تخصص اسلامی قانون وفقہ کی اہم کتابیں بھی اس شعبہ نے تیار کی ہیں۔ایم اے علوم اسلامیہ پروگرام کی عمومی کوآرڈینیشن بھی اسی شعبہ کی ذمہ داری ہے۔

## 6- شعبہ مطالعات بین المذاہب

شعبہ مطالعات بین المذاہب کا آغاز سن 2018ء میں ہوا، اس شعبہ کے قیام کا بنیادی مقصد، اسلام کی آفاقی اور عالمگیر تعلیمات کو پیش کرنا، بین المذاہب اور بین المسالک ہم آہنگی کے لئے کورسز کی تیاری ہے، شعبہ نے ایم اے علوم اسلامیہ کی سطح پر دو کتب دعوت وارشاد اور مطالعہ مذاہب

عالم تیار کی ہیں جو طباعت سے آراستہ ہو کر طلبہ کے ہاتھوں میں ہیں، شعبہ نے بی ایس علوم اسلامیہ تخصص مطالعات بین المذاہب کے پروگرام کا موجودہ سمسٹر سے آغاز کر دیا ہے۔نیز شعبہ نے ایم فل اور پی ایچ ڈی سطح کے کورسز کی تیاری بھی شروع کر دی ہے۔

## کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ کے اہم پروگرام/کورسز

1- پی۔ایچ ڈی۔علوم اسلامیہ(جنرل)
2- پی۔ایچ ڈی۔علوم اسلامیہ(تخصص قرآن وتفسیر)
3- پی ایچ ڈی علوم اسلامیہ(تخصص شریعہ)
4- ایم فل علوم اسلامیہ(جنرل)
5- ایم فل علوم اسلامیہ(تخصص قرآن وتفسیر)
6- ایم ایس شریعہ
7- ایم فل عربی
8- ایم۔اے علوم اسلامیہ(جنرل)
9- ایم۔اے علوم اسلامیہ(تخصص قرآن وتفسیر)
10- ایم۔اے علوم اسلامیہ(تخصص حدیث وسیرت)
11- ایم۔اے علوم اسلامیہ(تخصص اسلامی قانون وفقہ)
12- ایم۔اے عربی
13- بی۔ایس علوم اسلامیہ(جنرل)
14- بی۔ایس علوم اسلامیہ(تخصص قرآن وتفسیر)
15- بی۔ایس علوم اسلامیہ(تخصص حدیث وعلوم حدیث)
16- بی۔ایس علوم اسلامیہ(تخصص سیرت سٹڈیز)
17- بی۔ایس علوم اسلامیہ(تخصص شریعہ)
18- بی۔ایس علوم اسلامیہ(تخصص درس نظامی)
19- بی ایس علوم اسلامیہ(تخصص مطالعات بین المذاہب)
20- بی۔ایس عربی
21- میٹرک(درس نظامی)
22- الیف اے(درس نظامی)
23- تدریب المعلمین (ATTC)
24- اللسان العربی
25- عربی بول چال
26- لغۃ القرآن

## کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ کی تحقیقی سرگرمیاں

کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ کا نمایاں امتیاز اس کی علمی اور تحقیقی سرگرمیاں ہیں۔تحقیق کے میدان میں یہ کلیہ ایم اے ایم فل اور پی ایچ ڈی کی سطح کے مقالات تحریر کرواتا ہے۔کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ سے ایک علمی وتحقیقی مجلہ ششماہی (معارف اسلامی اور مجلہ البحث العربی اور مجلہ سیرت سٹڈیز) باقاعدگی

سے شائع ہو رہا ہے۔اس مجلہ میں عربی' انگریزی اور اردو میں تحقیقی مقالات شائع کئے جاتے ہیں۔ علاوہ ازیں مختلف علمی و تحقیقی موضوعات پر موقع بہ موقع سیمینار' کانفرنسیں اور سمپوزیم کا اہتمام بھی کیا جاتا ہے۔

## کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ کا تدریسی عملہ

1- پروفیسر ڈاکٹر محی الدین ہاشمی (پی ایچ ڈی علوم اسلامیہ، ایم فل علوم اسلامیہ )/ڈین کلیہ عربی و علوم اسلامیہ/ صدر شعبہ فکر اسلامی' تاریخ وثقافت

2- ڈاکٹر محمد سجاد (ایم فل علوم اسلامیہ، پی ایچ ڈی علوم اسلامیہ) ایسوسی ایٹ پروفیسر / صدر شعبہ مطالعات بین المذاہب

3- ڈاکٹر معین الدین ہاشمی (ایم فل علوم اسلامیہ، پی ایچ ڈی ) ایسوسی ایٹ پروفیسر / صدر شعبہ سیرت سٹڈیز

4- ڈاکٹر ہدایت خان (ایل ایل ایم، پی ایچ۔ڈی پوسٹ ڈاکٹریٹ) ایسوسی ایٹ پروفیسر/ صدر شعبہ شریعہ

5- ڈاکٹر ثنا ءاللہ (ایم فل علوم اسلامیہ، پی۔ایچ۔ڈی) ایسوسی ایٹ پروفیسر/ صدر شعبہ قرآن وتفسیر

6- ڈاکٹر سمیع اللہ زبیری (اے ٹی ٹی سی/ بی ایڈ/ ایم فل علوم اسلامیہ اور پی ایچ ڈی عربی) اسسٹنٹ پروفیسر/ انچارج شعبہ عربی

7- ڈاکٹر محمد شاہد (ایم فل، پی ایچ ڈی علوم اسلامیہ) اسسٹنٹ پروفیسر/ انچارج شعبہ حدیث وعلوم حدیث

8- ڈاکٹر عبدالمجید بغدادی (ایم فل عربی، پی ایچ ڈی، ہائر ڈپلومہ ان عربیک، عراق) ایسوسی ایٹ پروفیسر شعبہ عربی

9- ڈاکٹر احمد رضا، (ایم اے علوم اسلامیہ، درس نظامی، پی ایچ ڈی علوم اسلامیہ، پوسٹ ڈاکٹریٹ) اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ فکر اسلامی، تاریخ وثقافت

10- ڈاکٹر حافظ محمد ارشد اقبال (ایم فل، پی ایچ ڈی علوم اسلامیہ ) اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ قرآن وتفسیر

11- ڈاکٹر حافظ طاہر اسلام عسکری (ایم فل، پی ایچ ڈی علوم اسلامیہ) اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ فکر اسلامی، تاریخ وثقافت

12- ڈاکٹر نوید اقبال، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ حدیث وعلوم حدیث

13- ڈاکٹر حافظ فاروق عبداللہ، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ مطالعات بین المذاہب

14- ڈاکٹر راؤ فرحان علی، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ شریعہ

15- ڈاکٹر ظفر اقبال، (ایم ایس سی شماریات، ایم فل، پی ایچ ڈی علوم اسلامیہ) اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ قرآن وتفسیر

16- ڈاکٹر محمد رفیق (درس نظامی، ایم اے اسلامیات وعربی، ایم ایڈ (عربی)، کنگ سعود یونیورسٹی، ریاض، (پی ایچ ڈی سکالر) لیکچرار شعبہ سیرت اسٹڈیز

17- ڈاکٹر طاہرہ افراق (ایل ایل بی شریعہ اینڈ لاء، ایل ایل ایم شریعہ اینڈ لاء، پی ایچ ڈی شریعہ)/ لیکچرار شعبہ شریعہ

18- ڈاکٹر حافظ معظم شاہ (ایم فل علوم اسلامیہ، ایم ایس سی، اکنامکس (اسلامک بینکنگ اینڈ فائنانس، پی ایچ ڈی سکالر) لیکچرار شعبہ شریعہ

19- شکیل احمد (ایم اے وایم۔فل عربی) لیکچرار شعبہ عربی

20- ڈاکٹر حافظ حارث سلیم، لیکچرار، شعبہ عربی

21- احمد عبدالرحمٰن، لیکچرار شعبہ فکر واسلامی تاریخ وثقافت

22- ڈاکٹر محمد طیب، لیکچرار شعبہ قرآن وتفسیر

# 1- پروگرام ایم اے عربی زبان وادب

## 1.1- پروگرام کا تعارف، تفصیل اور شرائط داخلہ

ایم اے (عربی) میں داخلے کے خواہش مند اُمیدوار یونیورسٹی کے مجوزہ فارم پر آن لائن داخلہ کے لیے درخواست دیں ۔داخلہ کی شرائط مندرجہ ذیل ہیں ۔

☆ بی اے (سیکنڈ ڈویژن) مع عربی اختیاری (200 نمبر) یا

☆ بی اے (سیکنڈ ڈویژن) مع جامعہ ہذا کا کورس کوڈ (408) یا

☆ بی اے (سیکنڈ ڈویژن) مع فاضل عربی یا

☆ بی اے (سیکنڈ ڈویژن) مع شہادۃ "العالیہ"
(ہائر ایجوکیشن کمیشن کی جانب سے منظور شدہ کسی وفاق/ دینی مدرسہ کی جاری کردہ ہو) **یا**

☆ شہادۃ العالمیۃ کے ساتھ بی اے کے لازمی مضامین یعنی انگریزی، اسلامیات لازمی اور مطالعہ پاکستان پاس کیا ہو اور HEC سے مساوی سرٹیفکیٹ ساتھ لگایا گیا ہو۔

**یا**

☆ بی اے (سیکنڈ ڈویژن) کے ساتھ کسی مستند یونیورسٹی/ادارے سے عربی میں ڈپلومہ پاس کیا ہو۔جس کی HEC Equivalence بھی موجود ہو۔

## 1.2- ایم اے عربی کی مطالعاتی سکیم

1- ایم اے (عربی) پروگرام کا دورانیہ دو سال ہے۔

2- ہر سمسٹر کی مدت چھ ماہ ہے اور ہر سمسٹر کے کورسز کی آن لائن ورکشاپ لازمی ہوگی۔

3- طالب علم یونیورسٹی کی طرف سے پیش کیے گئے کورسز کے مطابق سمسٹر میں داخلہ لے سکے گا۔

4- ایم اے (عربی) کے لئے بیس نصف کریڈٹ کورسز کی کامیاب تکمیل کرنا ہوگی۔ مقالہ لکھنے کے خواہش مند طلبہ سولہ نصف کورسز مکمل کریں گے اور چار نصف کریڈٹس کا مقالہ تحریر کریں گے۔ مقالہ کی زبان عربی ہوگی جسے ایک سمسٹر یعنی چھ ماہ کے اندر مکمل کرنا ہوگا یہ چاروں اختیاری کورسز نیچے دیئے ہوئے شیڈول میں ملاحظہ کریں جو تیسرے سمسٹر سے اختیار کر لیے جاتے ہیں اور مقالہ چوتھے سمسٹر میں لکھا جائے گا۔

## 1.3- سمسٹر کے لحاظ سے ایم اے عربی کے کورسز کی تقسیم

### پہلا سمسٹر

| نمبر شمار | کورس کوڈ | نام کورس | کریڈٹ/ آورز |
|---|---|---|---|
| 1 | 4535 | القواعد التطبيقية (۱) | 03 |
| 2 | 4536 | القواعد التطبيقية (۲) | 03 |
| 3 | 4537 | الأدب الديني (القرآن الحكيم) | 03 |
| 4 | 4538 | الأدب الديني (الحديث النبوي ﷺ) | 03 |

## دوسرا سمسٹر

| نمبر شمار | کورس کوڈ | نام کورس | کریڈٹ/ آورز |
|---|---|---|---|
| 5 | 4525 | تاریخ الأدب العربی (قدیم) | 03 |
| 6 | 4526 | تاریخ الأدب العربی (حدیث) | 03 |
| 7 | 4533 | علم اللغة (۱) | 03 |
| 8 | 4534 | علم اللغة (۲) | 03 |
| 9 | 4507 | البلاغة (اختیاری) | 03 |

## تیسرا سمسٹر

| نمبر شمار | کورس کوڈ | نام کورس | کریڈٹ/ آورز |
|---|---|---|---|
| 10 | 4508 | طرق التدریس (اختیاری) | 03 |
| 11 | 4527 | الشعر (قدیم) | 03 |
| 12 | 4528 | الشعر (حدیث) | 03 |
| 13 | 4529 | النثر العربی (قدیم) | 03 |
| 14 | 4530 | النثر العربی (حدیث) | 03 |

## چوتھا سمسٹر

| نمبر شمار | کورس کوڈ | نام کورس | کریڈٹ/ آورز |
|---|---|---|---|
| 15 | 4531 | النقد الأدبی (المصادر و أعلامه) | 03 |
| 16 | 4532 | النقد الأدبی (المناهج الأدبیة النقدیة) | 03 |
| 17 | 4539 | التاریخ الاسلامی (۱) | 03 |
| 18 | 4540 | التاریخ الاسلامی (۲) | 03 |
| 19 | 4541 | الأدب العربی فی شبه القارة (قدیم) | 03 |
| 20 | 4542 | الأدب العربی فی شبه القارة (حدیث) | 03 |

ایم۔اے (عربی) میں داخلہ اور مزید معلومات کے لئے درج ذیل ٹیلی فون نمبروں پر رابطہ قائم کیا جا سکتا ہے:

1- ڈاکٹر سمیع اللہ زبیری، انچارج، شعبہ عربی زبان و ادب — فون نمبر 051-9057276
فون نمبر 051-9250148
فون نمبر 051-9057274

2- ڈاکٹر عبدالمجید، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ عربی — فون نمبر 051-9057791

3- شکیل احمد - لیکچرار عربی — فون نمبر 051-9057701

4- ڈاکٹر حارث سلیم، لیکچرار عربی — فون نمبر 0313-5344319

5- دفتر شعبہ عربی — فون نمبر 051-9057803

**نوٹ: ایم اے عربی پروگرام سے متعلق دیگر لوازمات صفحہ نمبر 14 پر ملاحظہ فرمائیں۔**

# پروگرام ایم اے علوم اسلامیہ

## 2.1- پروگرام کا تعارف، تفصیل اور شرائط داخلہ

جو امیدوار ایم اے (علوم اسلامیہ) میں داخلے کے خواہش مند ہوں وہ یونیورسٹی کے مجوزہ آن لائن فارم پر داخلہ کے لئے درخواست دیں۔ داخلہ کی شرائط درج ذیل ہیں:

1- کسی تسلیم شدہ یونیورسٹی سے بی اے۔ بی ایس سی کم از کم سیکنڈ ڈویژن کے ساتھ پاس کی ہو اور گریجویشن کی سطح پر اسلامیات اختیاری یا لازمی کا کورس پاس کیا ہو۔

2- بی بی اے۔ بی ایس سی۔ ایم بی بی ایس۔ بی کام۔ بی ٹیک یا ان کے مساوی پروگراموں سے پاس طلباء جنہوں نے گریجویشن کی سطح کے کورسز میں اسلامیات اختیاری یا لازمی کا کورس پاس کیا ہو وہ بھی ایم اے علوم اسلامیہ میں داخلہ کے اہل ہیں بشرطیکہ انہوں نے مجموعی طور پر کم از کم سیکنڈ ڈویژن حاصل کی ہو۔

3- آن لائن داخلہ فارم جمع کروانے کے بعد اپنے پہلے سمسٹر کی فیس بھی آن لائن جمع کروانا ہوگی۔ داخلہ فارم پُر کرنے میں کسی قسم کی مشکل کی صورت میں ice@aiou.edu.pk پر email کریں۔

## 2.2- ایم۔اے علوم اسلامیہ کی مطالعاتی سکیم

1- ایم اے (علوم اسلامیہ) پروگرام کا دورانیہ دو سال ہے۔

2- ہر سمسٹر کی مدت چھ ماہ ہے، کل چار سمسٹر ہیں اور ہر سمسٹر کے کورسز کی ورکشاپ لازمی ہے۔

3- طالب علم یونیورسٹی کی طرف سے پیش کئے گئے کورسز کے مطابق سمسٹر میں داخلہ لے سکے گا۔ ہر سمسٹر کے کورسز کی تفصیل اس کو داخلہ کے بعد اس کی جانب سے دیئے گئے پتہ پر روانہ کر دی جائے گی۔

4- ایم اے علوم اسلامیہ (جنرل) کی ڈگری کے حصول کے لئے بیس کورسوں کی کامیاب تکمیل کرنا ہوگی۔ مقالہ لکھنے کے خواہش مند طلبہ سولہ کورسز کی تکمیل کریں گے اور تیسرے و چوتھے سمسٹر میں 12 کریڈٹ کا مقالہ تحریر کریں گے۔ جس کی ترتیب یہ ہوگی کہ تیسرے سمسٹر میں مقالے کا (حصہ اول) اور چار لازمی کورسز کا امتحان دیں گے جبکہ چوتھے اور آخری سمسٹر میں مقالے کا (دوسرا حصہ) اور دو لازمی کورسز کا امتحان دیں گے۔

5- ایم اے علوم اسلامیہ (دیگر تحقیقات) کی ڈگری کے حصول کے لئے بیس کورسوں کی کامیاب تکمیل کرنا ہوگی۔ مقالہ لکھنے کے خواہش مند طلبہ سولہ کورسز کی تکمیل کریں گے اور چوتھے سمسٹر میں مضامین کے بجائے 12 کریڈٹ کا مقالہ تحریر کریں گے جسے ایک سمسٹر کے اندر مکمل کرنا ہوگا۔

**نوٹ:**

ایم اے علوم اسلامیہ کا پروگرام چار تخصصات پر مشتمل ہے ہر طالب علم کے لیے ضروری ہے کہ داخلہ لیتے وقت ان چار تخصصات (04 Groups) میں سے کسی ایک تخصص (Group) کا انتخاب کر لے اور یہ بات ذہن میں رہے کہ آخری سمسٹر تک اسی تخصص (Group) کے کورسز مکمل کرنے ہوں گے۔ کسی طالب علم کو تخصص (Group) تبدیل کرنے کی کسی صورت میں بھی اجازت نہیں ہوگی۔

# گروپ (A)

## M.A Islamic Studies (General)

**نوٹ:۔** داخلہ فارم میں Specilization کے مقام پر تخصص کا نام ضرور لکھیں۔

### پہلا سمسٹر

| نمبر شمار | کورس کوڈ | نام کورس | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 1 | 4611 | اصول تفسیر و تاریخ تفسیر | 03 |
| 2 | 4612 | مطالعہ قرآن حکیم (سورۃ النساء و سورۃ المائدہ) | 03 |
| 3 | 4621 | اصول، تاریخ حدیث و مطالعہ متن (انتخاب از صحیح بخاری) | 03 |
| 4 | 4622 | مطالعہ متن حدیث (منتخب مطالعہ متن از صحیح بخاری و سنن ابی داؤد) | 03 |

### دوسرا سمسٹر

| نمبر شمار | کورس کوڈ | نام کورس | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 1 | 4601 | تاریخ اسلام (دور نبوی و خلفاء راشدین) | 03 |
| 2 | 4602 | تاریخ اسلام (دور بنو امیہ تا عہد حاضر) | 03 |
| 3 | 4631 | مطالعہ فقہ (اصول فقہ و تاریخ فقہ) | 03 |
| 4 | 4632 | مطالعہ متن فقہ اسلامی "ہدایہ": کتاب النکاح و کتاب الطلاق | 03 |
| 5 | 4639 | عربی زبان و ادب (القرآن و حدیث) | 03 |
| 6 | 4640 | عربی زبان و ادب (الشعر) | 03 |

### تیسرا سمسٹر

| نمبر شمار | کورس کوڈ | نام کورس | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 1 | 2622 | تاریخ افکار و علوم اسلامی | 03 |
| 2 | 2625 | اسلام کا اقتصادی نظام | 03 |
| 3 | 2629 | اسلام کا معاشرتی اور سیاسی نظام | 03 |
| بمعہ تین اختیاری مضامین (تفصیل کے لئے فہرست اختیاری مضامین دیکھئے) | | | |

**یا**

| نمبر شمار | کورس کوڈ | نام کورس | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 1 | 4575 | * مقالہ (Thesis) | 12 |
| 2 | 2622 | تاریخ افکار و علوم اسلامی | 03 |

* i- مقالہ لکھنے کے خواہش مند طلباء تیسرے سمسٹر میں مقالہ کا انتخاب کریں گے۔ مقالہ کے کریڈٹ 12 ہیں۔

ii- تیسرے سمسٹر میں مقالہ کے ساتھ 2 کورسز کی تکمیل لازمی ہے

## چوتھا سمسٹر

| نمبر شمار | کورس کوڈ | نام کورس | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 1 | 2632 | مطالعہ مذاہب عالم | 03 |
| 2 | 2621 | دعوت و ارشاد | 03 |
| بمعہ دو اختیاری مضامین (تفصیل کے لئے فہرست اختیاری مضامین دیکھئے صرف ان کورسز کو مدنظر رکھیں جو آپ نے تیسرے سمسٹر میں نہیں لئے جو کورسز آپ تیسرے سمسٹر میں لے چکے ہیں وہ دوبارہ (یعنی چوتھے سمسٹر میں) نہیں لئے جا سکتے)۔ | | | |

**یا**

(صرف ان طلباء و طالبات کیلئے جنہوں نے تیسرے سمسٹر میں مقالے کا انتخاب کیا ہے)

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | 2632 | مطالعہ مذاہب عالم | 03 |
| 2 | 2621 | دعوت و ارشاد | 03 |
| 3 | 2625 | اسلام کا اقتصادی نظام | 03 |
| 4 | 2629 | اسلام کا معاشرتی اور سیاسی نظام | 03 |

### فہرست اختیاری مضامین

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | 2628 | فلسفہ اور علم الکلام | 03 |
| 2 | 2626 | اسلامی اخلاق اور تصوف | 03 |
| 3 | 2631 | اصول تحقیق | 03 |
| 4 | 2627 | اسلامی تحریکات عہد جدید میں | 03 |
| 5 | 2624 | اسلامی و مغربی تہذیب و افکار تاریخی تناظر میں | 03 |
| 6 | 2630 | مقاصد شریعہ | 03 |

## رہنمائی اور معلومات کے لئے رابطہ

ایم اے علوم اسلامیہ میں داخلہ اور مزید معلومات و رہنمائی کیلئے درج ذیل پروگرام کوآرڈینیٹرز سے رابطہ کریں:


1- پروفیسر ڈاکٹر محی الدین ہاشمی
صدر، شعبہ فکر اسلامی تاریخ و ثقافت
فون:۔ 051-9250278, 051-9057832

2- ڈاکٹر ہدایت خان
ایسوسی ایٹ پروفیسر/صدر شعبہ شریعہ
پروگرام رابطہ کار ایم اے علوم اسلامیہ اور تخصص فقہ و اسلامی قانون
فون: 051-9057270, 9057224, 9057273

3- ڈاکٹر شاہ معین الدین ہاشمی
ایسوسی ایٹ پروفیسر، رابطہ کار تخصص شعبہ حدیث و سیرت
فون نمبر: 051-9057839, 9057833

4- ڈاکٹر ثناء اللہ حسین
ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ قرآن و تفسیر
فون نمبر: 051-9057787
051-9057870
051-9057269

# 3-ایم اے علوم اسلامیہ اور ایم اے عربی کے کورسز کے لوازمات

## 3.1- مطالعاتی رہنما

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں رسمی تعلیم کے عام طریقے استعمال نہیں کئے جاتے۔ چونکہ اس یونیورسٹی کے طلبہ نہ صرف پاکستان بلکہ تمام دنیا تک پھیلے ہوئے ہیں
اس لئے فاصلاتی تعلیم (Distance Learning) کے مطابق Online تعلیم دی جاتی ہے۔

ایم اے (علوم اسلامیہ) اور ایم اے (عربی) پروگرام کے اجزاء مندرجہ ذیل ہوں گے۔

☆ مطالعاتی مواد
☆ امتحانی مشقیں
☆ ورکشاپ
☆ آخری امتحان
☆ مقالہ

### مطالعاتی مواد

ایم اے علوم اسلامیہ کا طالب علم بننے کے بعد آپ کو متعلقہ کورس کے مطالعاتی رہنما سافٹ فارم میں LMS پر موجود ہوں گے۔ ان مطالعاتی رہنماؤں کی روشنی میں آپ مقررہ کتابیں پڑھ سکیں گے۔ ایم اے (عربی) کے پروگرام کے ہر کورس کے لئے الگ الگ مفصل کتاب ارسال کی جاتی ہے۔

1- ایم اے علوم اسلامیہ کے لئے بیشتر کورسز کا انحصار کسی مخصوص کتاب پر نہیں ہے۔ بعض کورسز جن میں متون شامل ہیں ان کی متداول شروح آپ کے پیش نظر ہونی چاہئیں۔ جن کورسز کا مقرر کردہ درسی مواد کتابوں میں ملتا ہے وہ آپ کو اپنے ذرائع سے حاصل کرنا ہوگا۔ ان نصابی کتابوں اور ان کے ساتھ مجوزہ کتب کے کورس کے مطالعاتی رہنما میں نشاندہی کر دی جاتی ہے۔

2- مطالعاتی رہنما میں مقررہ نصابی کتب کے متعلقہ ابواب اور صفحات کی نشاندہی بھی موجود ہے۔ اس طرح آپ سہولت کے ساتھ مجوزہ کتب سے استفادہ کر سکیں گے۔

### (i) مطالعاتی رہنما یا نصابی کتاب کے یونٹ

ہر کورس کے کتابی اجزاء درسی یونٹ کہلاتے ہیں۔ ایم اے پروگرام کا کورس (9) یونٹوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ ایک ہی بڑے عنوان سے متعلق دو یا زیادہ یونٹوں کو بلاک کہا جاتا ہے۔

ایک کورس کا مطالعہ اندازاً آپ کو اٹھارہ ہفتوں میں مکمل کرنا ہے۔ اس لئے درسی مواد کو اٹھارہ (18) یونٹوں میں تقسیم کر دیا گیا ہے۔ اس طرح آپ ایک یونٹ کے مطالعہ پر اوسطاً ایک ہفتہ صرف کر سکتے ہیں۔ خیال رہے کہ روزانہ کم از کم دو گھنٹے یا ایک ہفتہ میں بارہ سے چودہ گھنٹے تک کا وقت ایک یونٹ یا اس سے مساوی مواد کے لئے درکار ہوگا۔

علوم اسلامیہ کے پروگرام کے ہر کورس پر مشتمل ایک مطالعاتی رہنما کے یونٹ خود آزمائی کے اصول پر تیار کئے گئے ہیں۔ یہ یونٹ بذات خود کورس نہیں بلکہ ان کا تعلق کورس کے درسی مواد کے ساتھ ہے جو مجوزہ کتابوں میں موجود ہے۔ یہ یونٹ مندرجہ ذیل اجزاء پر مشتمل ہوتے ہیں:

1- یونٹ کا مطالعہ	2- مطالعہ کے مقاصد
3- درسی مواد کے مختصر خاکے	4- درسی مواد کی نشاندہی
5- خود آزمائی کے سوالات

ان یونٹوں میں اس بات کا بھی خیال رکھا جاتا ہے کہ وضاحت طلب امور کی صراحت کر دی جائے نیز یونٹوں کے تعارف میں درسی تفصیلات سے متعلق خاکہ بھی دیا جاتا ہے تا کہ آپ درسی مواد کو بہتر طور پر سمجھ سکیں۔ مطالعاتی رہنما طلبہ کو ڈاک کے ذریعے بھیجے جاتے ہیں۔ مجوزہ کتب کا حصول طلبہ کی ذمہ داری ہے تاہم طلبہ کی سہولت کے لئے یونیورسٹی اپنی مرکزی لائبریری اور علاقائی دفاتر میں حتی الامکان مجوزہ کتب کی فراہمی کا انتظام کرتی ہے۔

ایم اے عربی کے پروگرام کے ہر کورس کی کتاب مندرجہ بالا اصولوں کے مطابق تیار کی گئی ہے اس لئے اس پروگرام کے لئے الگ سے مطالعاتی رہنما ارسال نہیں کیا جاتا۔

### (ii) خود آزمائی

ہر یونٹ کے درمیان یا آخر میں خود آزمائی (Self Assessment) کے سوالات دیئے گئے ہیں۔ ان سوالات کو حل کر کے آپ کو اپنی تعلیمی رفتار کا اندازہ ہو سکے گا۔

### (iii) اساتذہ سے رہنمائی

فاصلاتی نظام تعلیم کا ایک جزو مطالعاتی مرکز ہے جہاں ایم اے کے طلباء کا ٹیوٹر کے ساتھ رابطہ خط و کتابت اور آن لائن کے ذریعے رہتا ہے۔

## 3.2- امتحانی مشقیں

1- ہر کورس کے لئے اس کی نوعیت کے اعتبار سے امتحانی مشقوں کی ایک مخصوص تعداد مقرر کی گئی ہے۔طلبہ کے لئے کورس کے دوران یہ امتحانی مشقیں حل کر کے LMS پر اپلوڈ کرنا لازمی ہے۔ان مشقوں کے نمبر آخری امتحان میں حاصل کردہ نمبروں میں شامل کر کے نتیجہ مرتب کیا جاتا ہے۔ایک مکمل کورس کے لئے چار اور نصف کورس کے لئے دو امتحانی مشقیں ہوتی ہیں۔تیس فیصد نمبر مشقوں کے لئے مختص ہیں۔امتحانی مشقوں میں کامیابی کے لئے کم از کم 40 فیصد نمبر درکار ہیں۔

2- امتحانی مشقیں لازمی طور پر شیڈول کے مطابق اتالیق کے پاس پہنچ جانی چاہئیں دیر سے پہنچنے والی مشق قابل قبول نہ ہو گی۔

3- کسی کتاب/ طالب علم کی مشق سے نقل کرنے کا ثبوت مہیا ہونے پر تادیبی کارروائی کی جائے گی۔جس میں طالب علم کی مشق منسوخ کی جا سکتی ہے اور متعلقہ کورس یا پروگرام میں اس کا داخلہ بھی منسوخ کیا جا سکتا ہے۔

4- اتالیق کی جانچی ہوئی مشق پر نظر ثانی نہیں ہو سکتی البتہ نمبروں کے میزان کی غلطی درست ہو سکتی ہے۔

## 3.3- عملی ورکشاپ

ہر سمسٹر میں کورسز کی امتحانی مشقیں مکمل ہونے کے بعد ایم اے (علوم اسلامیہ) کے ہر کورس کے لیے دو سے تین روزہ ورکشاپ آن لائن منعقد ہوتی ہے چوتھے سمسٹر میں مقالہ لکھنے والے طلبہ وطالبات کے لیے سمسٹر کے شروع میں موضوع کے انتخاب اور خاکہ تحقیق کی تیاری کے لیے ایک ہفتہ کی ورکشاپ میں شرکت لازمی ہے گا۔

## 3.4- آخری امتحان

ہر کورس کی چار امتحانی مشقوں کی تکمیل کے بعد آخری امتحان ہوگا جو سارے کورس پر مشتمل ہوگا۔امتحانی مشقوں اور آخری امتحان میں الگ الگ کامیاب ہونا ضروری ہے۔

امتحانی مشقوں اور آخری امتحان کے نمبروں کے تناسب کو ملا کر مجموعی طور پر آپ کو کامیابی کے لئے کم از کم 40 فیصد نمبر حاصل کرنے ہوں گے۔

## گریڈنگ سسٹم

یونیورسٹی کی گریڈنگ سسٹم حسب ذیل ہے۔

1- 40 فیصد سے کم ............................ فیل
2- 40 فیصد سے 49 فیصد تک .................... ڈی گریڈ
3- 50 فیصد سے 59 فیصد تک .................... سی گریڈ
4- 60 فیصد سے 69 فیصد تک .................... بی گریڈ
5- 70 فیصد سے 79 فیصد تک .................... اے گریڈ
6- 80 فیصد اور اس سے زائد .................... اے+ گریڈ

## 3.5- مقالہ (تحقیقی مقالہ کے قواعد)

### (الف) مدت کا تعین

تدریسی کورسز پاس کرنے اور ورکشاپ مکمل کرنے کے بعد مقالہ تحریر کرنے کی اجازت ہو گی۔مقالہ تحریر کرنے کی مدت ایک سمسٹر یعنی چھ ماہ ہو گی جو یونیورسٹی کی طرف سے اس خط کی تاریخ اجرا سے شمار ہو گی۔جس میں عنوان کی باقاعدہ منظوری کی اطلاع درج ہو گی۔اس مدت میں نگران مقالہ کی سفارش پر صدر شعبہ چھ ماہ کی توسیع کر سکتا ہے۔مزید توسیع کا اختیار کلیہ کے ڈین کو حاصل ہے

بشرطیکہ طالب علم مجوزہ فیس جمع کروائے اور نگران مقالہ طالب علم کے کام سے مطمئن ہو لیکن یہ طالب علم کا استحقاق نہیں اور یہ توسیع استثنائی صورت حال میں دی جائے گی۔ مقررہ مدت کے دوران مقالہ مکمل کر کے جمع نہ کروایا گیا تو موضوع مقالہ از خود منسوخ تصور کیا جائے گا۔

## (ب) تحقیقی مقالہ اور نگران کا تقرر

1- موضوع تحقیق کی منظوری کے لیے تحقیقی مقالہ کا خاکہ اور کتابیات خاکہ نگاری کے معین اصولوں کی روشنی میں تیار کر کے متعلقہ شعبہ کو پیش کیے جائیں گے۔ موضوع تحقیق قطعی واضح اور تخلیقی (Original) ہونا چاہیے۔ موضوع کی منظوری Thesis Committee دے گی۔

2- تحقیقی مقالہ کے مجوزہ موضوع کی منظوری کے بعد طالب علم اپنے نگران مقالہ کی رہنمائی میں تحقیقی کام مکمل کرے گا۔ نگران کی تعلیمی اہلیت کے پیش نظر اس کا تقرر کیا جائے گا۔

3- <u>تحقیقی مقالے سے متعلق مزید تفصیلات ورکشاپ میں مہیا کی جائیں گی۔</u>

4- تحقیقی مقالے کی تکمیل پر طالب علم اپنے مقالے کی چار کاپیاں مع خلاصہ اپنے نگران کے تصدیق شدہ مراسلہ کے ہمراہ متعلقہ شعبہ کے پاس جمع کرائے گا اور ایک اضافی کاپی اپنے نگران کو بھی دے گا۔

## شرح فیس برائے عربی اور اسلامیات

| | | |
|---|---|---|
| 1 | رجسٹریشن فیس (صرف پہلی مرتبہ داخلہ کے وقت) | 50ڈالرز |
| 2 | داخلہ فیس (پروگرام کے پہلے سمسٹر میں داخلہ کے وقت) | 50ڈالرز |
| 3 | چار کورسوں کی کل فیس | 400ڈالرز |
| 4 | **پہلے سمسٹر کی کل فیس** | **500ڈالرز** |

# گریڈنگ سسٹم

یونیورسٹی کی گریڈنگ سسٹم حسب ذیل ہے۔

1- 40فیصد سے کم .............................. فیل
2- 40فیصد سے 49فیصد تک .............. ڈی گریڈ
3- 50فیصد سے 59فیصد تک .............. سی گریڈ
4- 60فیصد سے 69فیصد تک .............. بی گریڈ
5- 70فیصد سے 79فیصد تک .............. اے گریڈ
6- 80فیصد اور اس سے زائد .............. اے+گریڈ

# 4- شعبہء اُردو

## تعارف

شعبہء اُردو کا قیام 1974ء میں علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے قیام کے ساتھ ہی عمل میں آیا۔ یہ شعبہ اب تک اُردو زبان و ادب کے حوالے سے مختلف امور کی انجام دہی خصوصاً، قومی زبان کو بطور لازمی مضمون متعارف کروانے میں فعال رہا ہے۔ اس وقت شعبہء اُردو کی طرف سے میٹرک، انٹرمیڈیٹ اور بی اے کے علاوہ ایم اے، ایم فل اور پی ایچ ڈی (اُردو) کے پروگرام پیش کیے جا رہے ہیں۔

## ایم اے اُردو پیش کرنے کے مقاصد

سمسٹر خزاں 2000ء سے ایم اے اُردو کا آغاز ہوا تھا اور اب اس پروگرام میں آخری داخلہ ہوگا۔ اس پروگرام کے مقاصد حسب ذیل ہیں؛

1۔ ایسے طالب علم جو اپنے مخصوص حالات کی بنا پر کسی کالج یا یونیورسٹی میں باقاعدہ ایم اے نہیں کر سکتے، لیکن اپنی تعلیمی قابلیت بڑھانے کے خواہش مند ہیں، انھیں فاصلاتی نظام کے تحت اُردو میں ایم اے کرنے کی سہولت مہیا کرنا۔

2۔ طالب علموں کو اُردو ادب کے بارے میں مطالعہ اور تحقیق کی بنیاد فراہم کرنا۔

3۔ طالب علموں کو اُردو زبان و ادب کے عربی، فارسی اور پاکستانی زبانوں سے لسانی اور ادبی روابط سے روشناس کرانا۔

4۔ ایم اے اُردو کی تعلیم کو پیشہ ورانہ نقطۂ نگاہ سے زیادہ مفید اور کارآمد بنانا۔

## کورس کا تعارف

ایم اے اُردو کی تکمیل کے لیے چار سمسٹر میں ساٹھ (60) کریڈٹ آورز پاس کرنا ہوں گے۔ ان میں سے اڑتالیس (48) کریڈٹ آورز لازمی ہیں، جب کہ 12 کریڈٹ آورز کے اختیاری کورسز پڑھنا ہوں گے۔

## شرائط داخلہ

-1 کم از کم تعلیمی قابلیت بی اے سیکنڈ ڈویژن ہے۔

-2 امیدواروں سے درخواست ہے کہ داخلہ فارم آن لائن جمع کروائیں۔

-3 آن لائن داخلہ فارم جمع کروانے کے بعد اپنی فیس بھی آن لائن جمع کروائیں۔

## نصاب کا خاکہ

پہلا سمسٹر

| کورس کوڈ | کورس | کریڈٹ آورز |
|---|---|---|
| 5601 | تاریخ ادب اُردو۔I | 3 |
| 5602 | تاریخ ادب اُردو۔II | 3 |
| 5603 | افسانوی ادب۔I | 3 |
| 5604 | افسانوی ادب۔II | 3 |

## دوسرا سمسٹر

| کورس کوڈ | کورس | کریڈٹ آورز |
|---|---|---|
| 5605 | اُردو تنقید ۔I | 3 |
| 5606 | اُردو تنقید ۔II | 3 |
| 5607 | اُردو شاعری ۔I | 3 |
| 5608 | اُردو شاعری ۔II | 3 |

## تیسرا سمسٹر

| کورس کوڈ | کورس | کریڈٹ آورز |
|---|---|---|
| 5609 | اسالیب نثر اُردو ۔I | 3 |
| 5610 | اسالیب نثر اُردو ۔II | 3 |
| 5611 | میر و غالب کا خصوصی مطالعہ ۔I | 3 |
| 5612 | میر و غالب کا خصوصی مطالعہ ۔II | 3 |
| 5613 | علامہ اقبال کا خصوصی مطالعہ ۔I | 3 |
| 5614 | علامہ اقبال کا خصوصی مطالعہ ۔II | 3 |

## چوتھا سمسٹر

| کورس کوڈ | کورس | کریڈٹ آورز |
|---|---|---|
| 5615 | اُردو ادب کا پاکستانی دور ۔I | 3 |
| 5616 | اُردو ادب کا پاکستانی دور ۔II | 3 |
| 5617 | پاکستانی زبانوں کا ادب ۔I | 3 |
| 5618 | پاکستانی زبانوں کا ادب ۔II | 3 |
| 5619 | عربی زبان و ادب ۔I | 3 |
| 5620 | عربی زبان و ادب ۔II | 3 |
| 5621 | فارسی زبان و ادب ۔I | 3 |
| 5622 | فارسی زبان و ادب ۔II | 3 |
| 5623 | صحافت ۔I | 3 |
| 5624 | صحافت ۔II | 3 |

**نوٹ:** کوڈ نمبر 5601 تا 5616 لازمی مضامین ہیں، جب کہ 5617 تا 5624 اختیاری مضامین ہیں۔ان آٹھ اختیاری مضامین میں سے چار کا انتخاب کرنا ہے، لیکن یہ منتخب کورس ایک ایک سیٹ کی صورت میں ہوں گے، یعنی عربی کا مضمون منتخب کرنے کی صورت میں عربی کے دونوں کورس منتخب کرنا ہوں گے اور صحافت کی صورت میں صحافت کے۔

## شرح فیس برائے اردو

| | | |
|---|---|---|
| 1 | رجسٹریشن فیس (صرف پہلی مرتبہ داخلہ کے وقت) | 50ڈالرز |
| 2 | داخلہ فیس (پروگرام کے پہلے سمسٹر میں داخلہ کے وقت) | 50ڈالرز |
| 3 | چار کورسوں کی کل فیس (فی کورس 100 x 4) | 400ڈالرز |
| 4 | **پہلے سمسٹر کی کل فیس** | **500ڈالرز** |

## کورس کے اجزا

1۔ تدریسی مواد پر مشتمل کورس گائیڈ اور اس میں اضافی نصابی کتب کا مطالعہ لازمی ہوگا۔ حوالہ جات والا مطالعاتی مواد (Study Material) بھی تدریسی مواد کا حصہ ہوگا۔

2۔ تدریسی مواد کی بنیاد پر ہر کورس کی دو دو امتحانی مشقیں مقررہ تاریخوں تک LMS پر اَپ لوڈ کرنا ہوں گی۔ مشقوں میں کامیابی کے نمبر 40 فیصد ہوں گے۔ مشقوں اور امتحان کے نمبر بالترتیب 30 اور 70 فیصد شمار کیے جائیں گے۔

حتمی کامیابی کے لیے اوسطاً 40 فیصد نمبر حاصل کرنا ہوں گے۔

4۔ ہر سمسٹر کے دوران میں ایک ورکشاپ منعقد ہوگی، جس کی معلومات حاصل کرنے کے لیے دیئے گئے نمبرز پر رابطہ کریں۔

## گریڈ کی تقسیم کا طریقہ کار

| | |
|---|---|
| 80 فی صد اور اس سے زائد | A+ |
| 70 فی صد سے 79 فی صد تک | A |
| 60 فی صد سے 69 فی صد تک | B |
| 50 فی صد سے 59 فی صد تک | C |
| 40 فی صد سے 49 فی صد تک | D |
| 40 فی صد سے کم | فیل |

## فیکلٹی ممبر شعبہ اُردو

1۔ **ڈاکٹر عبدالعزیز ساحر**
پروفیسر (صدر شعبہ اُردو)
فون نمبر: 051-9250069

2۔ **ڈاکٹر ارشد محمود ناشاد**
ایسوسی ایٹ پروفیسر
فون نمبر: 051-9057767

3۔ **ڈاکٹر نورینہ تحریم بابر**
ایسوسی ایٹ پروفیسر
فون نمبر: 051-9057771

4۔ **ڈاکٹر صفدر رشید**
اسسٹنٹ پروفیسر

5۔ **ڈاکٹر محمد قاسم**
لیکچرار
فون نمبر: 051-9057900
051-9057765

6۔ **ڈاکٹر عبدالستار**
لیکچرار
فون نمبر: 051-9057348

7۔ **محمد قاسم یعقوب**
لیکچرار
فون نمبر: 051-9057770

## GENERAL INFORMATION

i. The certificates/degrees of AIOU are equivalent to any other recognized Board/University.

ii. A course taken by any student cannot change during the semester. However, in real hardship cases, the change in courses will be allowed by Director Admission within fifteen days after deposit of prescribed fee.

iii. The address of a student will not be changed during the semester.

iv. Admission to courses for both the Spring and Autumn semesters are generally offered in the months of March and September, respectively, whereas, examinations commenced in November and May respectively. Admission schedule is announced on University website https://aiou.edu.pk during this period. The students are required to submit their online application for admission as per schedule.

v. Fee cannot be refunded once paid for admission nor can it be adjusted for any other programme.

vi. On payment of the registration fee, each student will be issued a registration number. The registration number must be quoted in all the future correspondence along with the roll number, course(s), code numbers and semester.

vii. Rules and regulations framed, enhanced and changed from time to time by the authorities, bodies of the university will be effective as applicable. The student must abide by all such rules and regulations from the date of their implementation.

viii. A student who fails in continuous assessment component is not eligible to reappear but will be allowed to re-register for the same course at its next offering semester by the university.

ix. It would be responsibility of the student to remain in touch with the department regarding the selected programme.

x. A student already admitted to a programme or a specialization of a programme shall not be allowed to transfer or to get admission to another programme unless he/she formally postpones it till the completion of the new programme or withdraws from the previous programme.

xi. After completion of a programme successfully, a student has to apply to Controller of Examinations for issuance of certificate/degree as per guided process by the Directorate of International Collaboration & Exchange.

xii. The university reserves the right to change contents of this prospectus without any prior notice as per university policy.

xiii. Online admission forms incomplete in any respect will not be entertained and after closure of admissions students would be informed about the deficiency in clear terms with advice to request for refund of fee.

xiv. Online admission form received without prescribed fee less fee or fee deposited after due date will not be considered.

xv. In case of discrepancies in the name of student/ Father's name of the student or difference in name mentioned in his/her other educational certificates, the name on the Matric certificate of the student will be considered as correct name. The Examination Department shall also issue certificate/ degree on the said name.

xvi. In case provision of forged documents for admission, not only the admission will be refused to the applicant but the fee deposited by him/her will also be forfeited. The university may proceed further in the matter.

xvii. International students having international degree equivalent to SSC/HSSC degree are required to get it verified by the IBCC and provide the equivalence certificate to AIOU.

## Availability of Learning Material

i. Learning material can be downloaded from university website: www.aiou.edu.pk
ii. All learning material would be available online for international/overseas students after the commencement of classes.
iii. Student shall download the learning material and tally with the course codes for which he/she had been registered in the semester.
iv. Students can get their learning material through AAGHI LMS portal.

## Procedure for Fee Payment

International and Overseas Students will have to pay their fee Online as per Guided Procedure:

1. Go to **olpay.aiou.edu.pk**
2. Enter challan number and **click on "search"** button.
3. Check & tally your challan details with the generated challan then **click on "submit fee"** button.
4. Enter credit/debit card number, card holder name, expiry and CVV code (mentioned on back side of card).
5. **Click on "pay now"** button.
6. A successful payment notification will be appeared with an Order ID.
7. Write Order ID and Transaction Date on the space given below.
8. Save the Order ID in your record till confirmation of your admission.

## REGULATIONS FOR REFUND OF ADMISSION FEE

- The students who have submitted their fees for Admission but do not wish to continue and have applied for refund of fee will be refunded after deduction @ 10% of total fee.
- The student who was not eligible but deposited fee for Admission, the fee shall be refunded after deduction @ 15% of total fee.
- The students who have deposited their fee in excess of due fee the total excess amount shall be refunded adjusted as the case may be.
- The Treasurer Department shall verify the fee of students and shall send the case to the audit for pre-audit.
- Cheque will be issued to the candidate by the campus payment section, Treasurer Department.
- Admission fee will be refunded/ adjusted maximum up to one year.
- Refund of Fee for all international and overseas students is subject to the University policy time to time.

## GENERAL CONDITIONS FOR REFUND

1. The University must have received the fees in its bank account.

2. All refund requests must be submitted on the Fee Refund Application form.Deposit Slip, any other record of fee and ID Card copy must be attached to it.

3. All applications shall be addressed to the Treasurer and will be received directly in the Treasurer Department with full particulars. The Treasurer Department will get report from concerned Department and verify the amount from system as the case may be and will process the case accordingly.

4. The refund will be made after deduction of any recoverable amount.

5. The refund will be made to the same person or firm from whom the payment was received, though cross cheque.

6. If the University makes an offer on the basis of incorrect or incomplete information, misstatements, concealment of facts, fake certificates or use of any other unfair means by the applicant/ student, the admission will be cancelled, and refund will not be allowed. Department reserves the right to take disciplinary action also.

7. Any type of Processing Fee will not be refunded.

8. In the case of death or physical incapacity, the full refund will be made only in instances of sever unavoidable and incapacitating circumstances.

9. In case the students who are not allowed/granted admission to a program offered by the University due to less enrolment/non formation of viable group/ non-offering of courses, full fee will be refunded to them.

## REFUND OF OTHER FEE

1. All kind of other fee including but not limited to Degree fee, Re-appear exams fee, change off name / father name, examiner registration fee, tutor registration fee, late assignment evaluation fee, analysis fee, rechecking of answer scripts fee, NOC fee, subject/group change fee, thesis evaluation fee, thesis extension fee, job fee, tender fee tec. will not be refunded. Only excess fee deposited will be refunded/ adjusted.

2. The extension in thesis fee in excess shall be refunded on approval of concerned Dean with certificate that fee was deposited in excess.

1. The amount deposited in University accounts by any person/firm (other than student), by mistake or in excess shall be refunded after verification of the amount deposited.

## IMPORTANT TELEPHONE NUMBERS

| Sr. # | Name | Telephone Nos. |
|---|---|---|
| 1. | Director Admissions | 051-9057298<br>051-9250043<br>051-9250162 (Fax) |
| 2. | Assistant Registrar (Mailing) | 051-9057281-82<br>051-9250185,<br>051-9057611 |
| 3. | Controller of Examinations | 051-9057310<br>051-9057328<br>051-9250012 |
| 4. | Director Students Affairs | 051-9250174 |
| 5. | Dy. Registrar (Teachers Education) | 051-9057428<br>051-9057299 |
| | **Directorate of International Collaboration & Exchange** | |
| 1. | Dr. Zahid Majeed<br>Director<br>zahid_majeed@aiou.edu.pk | +92-51-9057294 |
| 2. | Sehrish Khan<br>Assistant Director<br>sehrish.khan@aiou.edu.pk | +92-51-9057811 |
| 3. | Mr. Muhammad Ajab<br>Superintendent<br>overseas@aiou.edu.pk | +92-51-9057165<br>+92-51-9250175 |